© rasailojaraid.com



اور برے واقعات کا ایک ملغوبہ ہے۔ جس میں سے اچھے شناور موتی ہیرے پاتے ہیں اور اناڑی یا کم ہمت غوطہ خوروں کے ہاتھ صرف کنکر پتھر ہی لگتے ہیں۔ ویسے بھی وفا شعاری کی داستانوں میں ایک بے سروپا، غیر مشہور، بے وفائی کے قصے کو درج کرنا ذرا بے ڈھب محسوس ہوتا ہے۔

فاضل مرتب کا یہ انتخاب جذبۂ عقیدت و محبت کا غماز ہے لیکن ایسے انتخاب و چناؤ میں تحقیقی ذوق و احتیاط کی بہت اہمیت ہے۔ اس لیے کہ یہ معاملہ صرف عقیدت و محبت کا ہی نہیں بلکہ اس کا تعلق ایمانیات سے بھی ہے۔ مرتب کتاب کی خدمت میں درخواست ہے کہ آئندہ اشاعت میں مذکورہ حصے کو حذف کر دیا جائے۔

● غازی عامر چیمہ شہید　　مرتب: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

ضخامت: ۲۴۵ صفحات　　قیمت: ۱۵۰ روپے　　ناشر: مکتبہ ختم نبوت اردو بازار لاہور

شاعر نے کہا ہے کہ

عقل جب ہوش سنبھالے تو بنے جذبۂ عشق
اور عشق جب رنگ پہ آتا ہے جنوں ہوتا ہے

اور

پرواز خرد کیا ہے نری پست خیالی
اے ہمت عالی مجھے دیوانہ بنا دے

زیرِ تبصرہ کتاب ایک ایسے ہی جذبۂ عشق دیوانگی اور جنوں کی صفات حمیدہ سے متصف شخص کے حالات زندگی پر مشتمل ہے۔ غازی عامر چیمہ شہید بلا شبہ فخر پاکستان تھا۔ اس نے اس گئے گزرے دور میں بھی اسلامیان پاکستان بلکہ میں تو کہوں گا کہ اسلامیان عالم کی لاج رکھ لی ہے۔ قابل تبریک ہیں ہمارے مخدوم مولانا اسماعیل شجاع آبادی جنھوں نے اس خوشبودار موضوع پر قلم اٹھایا۔ فاضل مرتب نے غازی عامر چیمہ شہید کے موضوع پر اخبارات میں چھپنے والی تمام خبریں اور مضامین و کالم وغیرہ جمع کر کے مستقبل کے مورخ اور محقق کے لئے نہایت آسانی پیدا کر دی ہے۔ لیکن اس کتاب میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ اس موضوع پر ہر وقیع اور مضبوط مضمون کو شامل کیا گیا ہے۔ اس لئے بعض جگہوں پر معلومات کی تکرار کے باعث قاری اپنی دلچسپی کھو بیٹھتا ہے۔ بہر حال مجموعی طور پر کتاب لائق دید اور قابل مطالعہ ہے۔ (تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● مجلّہ ''ندائے حق''، فیصل آباد　　سلسلہ اشاعت: ۲　　رابطہ: کلیۃ القرآن والحدیث ۴۳۳ جناح کالونی فیصل آباد

اس وقت ملک کے مختلف شہروں سے دینی رسائل و جرائد کثیر تعداد میں شائع ہو رہے ہیں۔ ان کے معیاری و غیر معیاری ہونے کا فیصلہ تو قاری نے ہی کرنا ہوتا ہے۔ صحافت عوام سے رابطے کا ایک مؤثر شعبہ اور ذریعہ ہے۔

مجلّہ ''ندائے حق'' مسلک اہل حدیث کا ترجمان ہے۔ جو اکہتر سال پہلے شائع ہونے والے مجلّہ ''اشاعت السنۃ'' کی صدائے بازگشت ہے۔ یہود و نصاریٰ کے مذموم مقاصد، تعلیم کے نام پر مسلمانوں کے خلاف سازشیں، دینی مدارس اور اُن کی اصلاح، اکابر اہل حدیث اور تحریک اہل حدیث اس شمارے کے خاص موضوعات ہیں۔ حکیم خالد اشرف



© rasailojaraid.com